نظامت زرعی اطلاعات پنجاب

21۔سر آغا خان سوئم روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com
www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

تیلدار اجناس کی کاشت کے قومی پروگرام کے فروغ کے تحت سورج مکھی کے پیداواری مقابلہ کے لئے کاشتکاروں سے درخواستیں مطلوب۔ جیتنے والے کاشتکاروں کے لئے لاکھوں روپے کے نقد انعامات۔ کاشتکار 15 مارچ تک اپنی درخواستیں جمع کرواسکتے ہیں۔ترجمان محکمہ زراعت پنجاب

لاہور 06 مارچ 2023: ترجمان محکمہ زراعت پنجاب کے مطابق تیلدار اجناس کی پیداوار میں اضافہ کے قومی منصوبہ کے تحت بہاولنگر، بہاولپور، بھکر، ڈی جی خان، خانیوال، لیہ، لودھراں، میانوالی، ملتان، مظفرگڑھ، اوکاڑہ، رحیم یار خان، راجن پور، سیالکوٹ اور وہاڑی کے 3 یا 13 ایکڑ سے زائد قابلِ کاشت اراضی کے مالک مردو خواتین کاشتکار درخواست دینے کے اہل ہوں گے۔اس سلسلے میں مشترکہ کھاتہ رکھنے والے کاشتکار بھی اہل ہوں گے نیز مزارعین/ٹھیکیدار بھی دستاویزات کی تحصیل کمیٹی سے تصدیق کرانے کے بعد درخواست دے سکتے ہیں۔ پیداواری مقابلہ میں حصّہ لینے والے کاشتکار 3 ایکڑ متصّل فصل کینولہ جس میں کوئی بھی محکمہ زراعت پنجاب کی منظور و تصدیق شدہ اقسام کاشت کی گئی ہو مقابلہ کے لئے پیش کرسکیں گے۔ مقابلہ کے لئے شرائط درخواست فارم پر درج ہیں جو متعلقہ ڈپٹی ڈائریکٹر اور ڈویژنل ڈائریکٹر کے دفتر سے مفت حاصل کرسکتے ہیں یا محکمہ زراعت کی ویب سائٹ **www.agripunjab.gov.pk** سے ڈاؤن لوڈ کئے جاسکتے ہیں۔ فارم فوٹو کاپی بھی قابلِ قبول ہوگی۔کاشتکار درخواستیں اپنے ضلع کے متعلقہ ڈپٹی ڈائریکٹر زراعت (توسیع) کے دفتر میں **15 مارچ 2023** تک جمع کروائیں۔یاد رہے،اس مقابلہ کے لئے اراکین قومی وصوبائی اسمبلی، سینیٹرز، ان کے فیملی ممبرز اور گریڈ 17 اور اوپر کے سرکاری ملازمین درخواست دینے کے اہل نہ ہوں گے۔ان کے علاوہ ترقی پسند کسان جو ضلعی یا ڈویژنل کمیٹی کے ارکان مقرر ہوں وہ بھی مقابلہ کیلئے اہل نہ ہوں گے۔ پیداواری مقابلہ میں صوبائی سطح پر بھی منعقد ہوگا اور صوبائی کمیٹی کا فیصلہ حتمی ہوگا۔جیتنے والے کاشتکار کیلئے لاکھوں روپے کے نقد انعامات دیئے جائیں گے۔مزید معلومات کے لئے خواہشمند کاشتکار دفتری اوقات میں فون نمبر **0429920075**2 پر رابطہ قائم کرسکتے ہیں۔

☆☆☆☆